Department of
Education
GOVERNMENT OF
WESTERN AUSTRALIA

اپرنٹس شپس اور ٹرینی شپس

والدین اور نگہداشت کرنیوالوں کے لیے معلومات

اپرنٹس شپس اور ٹرینی شپس سیکھنے کے وہ راستے ہیں جو کام پر ادائیگی کیساتھ تربیت اور ایک رجسٹرڈ ٹریننگ آرگنائزیشن کے ہاں رسمی تعلیم کا امتزاج ہیں۔ایک اپرنٹس شپ یا ٹرینی شپ کی تکمیل پر وہ شخص ایک عملی مہارت اور قومی سطح پر تسلیم شدہ تعلیمی سند سے لیس ہو جاتا ہے۔

اس سلسلے میں معلومات اور مدد ایرنٹس شپ آفس [1] ویب سائیٹ اور ایرنٹس شپ سپورٹ[2]ویب سائیٹ پردستیاب ہے۔

اپرنٹس شپ کیا ہے؟

شاگردوں کو ایک ہنر مند پیشے میں تربیت دی جاتی ہے اور وہ ایک سندیافتہ ہنرمند شخص بن جاتے ہیں جن کے پاس قومی سطح پر تسلیم شدہ ووکیشنل ایجوکیشن اور ٹریننگ (VET) تعلیمی سند ہوتی ہے۔ اپرنٹس شپ ایک منظم تربیت کا انتظام ہوتا ہے جو عموماً 3.5 یا چار سال کے عرصے پر محیط ہوتا ہے۔ یہ تربیت کام پر عملی تجربےکیساتھ کسی رجسٹرڈ ٹریننگ آرگنائزیشن کے ساتھ مفت ملازمت کے علاوہٹریننگ کا امتزاج ہوتی ہے۔

ٹرینی شپ کیا ہے؟

تربیت پانے والے ایک ہنر کے شعبے میں مہارت یافتہ ہوجاتے ہیں اور تکمیل پر انہیں قومی سطح پرایک تسلیم شدہ VET تعلیمی سند مل جاتی ہے۔ ٹرینی شپ سے اس صنعت اور اس میں دستیاب روزگار کے مواقع کے بارے میں سمجھ بوجھ پیدا ہوتی ہے۔ ایک ٹرینی شپ تربیت پانے والے شخص اور ان کے متعلقہ آجر کے درمیان ایک معاہدہ ہوتا ہےجہاں آجرکسی مخصوص صنعت میں تربیت پانے والے شخص کوتربیت دینے کی حامی بھرتا ہے، اور تربیت پانے والا شخص کام کرنے اور سیکھنے کی حامی بھرتا ہے۔ ٹرینی شپس عموماً نو تا 48 ماہ پر محیط ہوتی ہیں، جس کا انحصار متعلقہ صنعت کے شعبے اور منتخب کردہ سرٹیفیکیٹ کی سطحپر ہوتا ہے

سکول کی سطح پر اپرنٹس شپس اور ٹرینی شپس

سکول کی سطح پر اپرنٹس شپس اور ٹرینی شپس سکول کے کل وقتی طالب علم اور آجر کے درمیان ادا شدہ روزگار کی تربیت کا انتظام ہوتاہے۔

سکول کی سطح پر اپرنٹس شپس اور ٹرینی شپس کی وجہ سے نوجوان لوگوں کو سینئرسکول میں بیک وقت تعلیم کیساتھ جزووقتی روزگار اور ایک رجسٹرڈ ٹریننگ آرگنائزیشن کیساتھ ملازمت کے علاوہ ٹریننگ حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے۔ طلباء روزگارحاصل کرنے کی اپنی صلاحیتوں کو، کسی حقیقی کام کی جگہ پر استعمال کرکےاس صنعتکا تجربہ حاصل کرکے، فروغ دیتے ہیں اور ایک قومی سطح پر تسلیم شدہ تعلیمی سند کے لیے پڑھائی بھی کرتے ہیں۔ سکول کی سطح پر اپرنٹس شپ اور ٹرینی شپ طالب علم کے وسیع تر تعلیمی پروگرام کا حصہ بن جاتی ہیں۔

سکول کی سطح پر اپرنٹس شپس اور ٹرینی شپس کس کے لیے ہیں؟

یہ انتخاب ان طلباء کے لیے ہے جو کسی خاص پیشے یا ہنر میں ایک کیریئر کا راستہ اختیار کرنا چاہتے ہیں اور ساتھ ہی سینئر سکول پر تعلیم کو بھی مکمل کرنا چاہتے ہیں۔

کیا سکول کو کسی طالب علم کے تربیت کے منصوبے کی تائید کرنی ہوتی ہے؟

سکول کی سطح پر اپرنٹس شپ اور ٹرینی شپ کے مواقع کے لیے اس سکول کو طالب علم کے مجموعی سکول پروگرام کے حصے کے طور پر لازمی تائید کرنی ہوتی ہے۔

سکول کی سطح پر اپرنٹس شپس اور ٹرینی شپس کے بارے میں مزید جانئیے

سکول کےVET کوآرڈینیٹرز سکول کی سطح پر اپرنٹس شپس اور ٹرینی شپس کے بارے میں مزید معلومات اور مشورہ فراہم کرسکتے ہیں۔ مزید معلومات ڈیپارٹمنٹ آف ٹریننگ اینڈ ورک فورس ڈیویلپمنٹ[3] کی ویب سائیٹ پر اور جابز اینڈ سکلز، WA[4]کی ویب سائیٹ پرحاصل کی جا سکتی ہیں۔

---

[1]https://www.dtwd.wa.gov.au/apprenticeship-office
[2]https://www.apprenticeshipsupport.com.au/Apprentices/What-is-an-apprenticeship
[3]https://www.dtwd.wa.gov.au/apprenticeship-office/apprenticeships-traineeships-for-secondary-school-students
[4]https://www.jobsandskills.wa.gov.au/training/schools-and-school-students

D23/1247907
June 2023
CC BY
Exclusions may apply